ہم کون ہیں؟

ہم ویمن ڈومیسٹک ورکرز یونین پنجاب کے ممبران گھریلو مزدور عورتوں کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لیے کوشاں ہیں۔ ہمارا مقصد گھریلو مزدور عورتوں کو مقامی، ضلعی اور صوبائی سطح پر جمہوری طریقے سے منظم کرنا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ گھریلو مزدوروں کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں جو باقی صنعتی مزدوروں کو حاصل ہیں۔

ڈومیسٹک ورکر سے مراد ہر وہ شخص ہے جو کسی بھی آجر کے گھر میں اجیر کے طور پر کام کرتا/کرتی ہے۔ مالک یا آجر سے مراد ہر وہ شخص ہے جو اپنے گھر میں گھریلو کام سرانجام دینے کے لیے کسی کو ملازم رکھتا/رکھتی ہے۔

گھریلو کام سے مراد کوئی بھی ایسا کام جو گھر کے اندر یا گھر کے لیے کیا جائے، بشمول گھر کی صفائی، بچوں کی دیکھ بھال، زچگی یا بعد از زچگی خاتون خانہ کی دیکھ بھال اور ان سے جڑے ہوئے دیگر معاملات۔

پنجاب ڈومیسٹک ورکرز ایکٹ 2019 کے مطابق گھریلو ملازم کو ورکر کے نام سے پکارا جائے گا نوکر کے نام سے نہیں۔

ویمن ڈومیسٹک ورکرز یونین - پنجاب رجسٹرڈ

Affiliated with:

WISE
Women in Struggle for Empowerment

ویمن ڈومیسٹک ورکرز یونین پنجاب رجسٹرڈ

تعارف

ویمن ڈومیسٹک ورکرز یونین پنجاب نومبر 2022ء میں باقاعدہ قیام میں آئی ہے۔ اس کا تمام تر سہرا 'ویمن ان سٹرگل فار ایمپاورمنٹ' (وائز) کو جاتا ہے جس کی ان تھک کوششوں کے نتیجے میں گھریلو مزدور عورتوں کی یونین جولائی 2023ء میں پنجاب لیبر ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ ہوئی۔

وائز عورتوں کے حقوق کے لیے سرگرم ایک سماجی تنظیم ہے جس نے جنوری 2019ء میں پنجاب میں گھریلو ملازمین کے قانون کے آنے کے بعد صوبے کے مختلف اضلاع میں گھریلو ملازمین عورتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام شروع کیا۔ مختلف علاقوں میں گھریلو مزدور عورتوں کو منظم کیا گیا۔ محلہ کے بنیادوں پر گروپس بنائے گئے جن کے ساتھ پچھلے چار سالوں میں گھریلو ملازمین عورتوں کے قانونی حقوق سے متعلق آگاہی اجلاس کیے گئے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ بہت سی گھریلو مزدور عورتوں کو تربیتی عمل سے گزار کر لیڈرشپ ٹریننگ دی گئی جس کے نتیجے میں گھریلو مزدور عورتوں نے اپنے آپ کو منظم کرتے ہوئے اپنی ٹریڈ یونین کی بنیاد رکھی۔ اس وقت پنجاب کے تین اضلاع لاہور، فیصل آباد اور شیخوپورہ میں ہمارے ممبران کی تعداد 500 کے قریب ہے۔

ویمن ڈومیسٹک ورکرز یونین

ویمن ڈومیسٹک ورکرز یونین، پنجاب (رجسٹرڈ) ایک غیر سرکاری ٹریڈ یونین ہے۔جس کا دائرہ کار فی الحال صوبہ پنجاب تک محدود ہے۔اوراس میں گھروں میں کام کرنے والی خواتین یعنی گھریلو ملازمین شامل ہیں۔

اغراض و مقاصد

- ★ گھریلو ملازم عورتوں کے حقوق کی حفاظت کرنا اور ان کے حقوق منوانے کے لیے قانونی دائرہ میں رہ کر جدوجہد کرنا۔
- ★ ہر اس تنظیم یا تحریک سے تعاون کرنا جس کے اغراض ومقاصد مشترک ہوں اور جس سے یونین کے اغراض و مقاصد کو تقویت پہنچے۔
- ★ ممبران کی اقتصادی اور اجتماعی حالت کو بہتر بنانا اور وقت پڑنے پر ان کی مالی اور قانونی امداد کرنا۔
- ★ گھریلو مزدور عورتوں میں اپنے قانونی حقوق کے بارے آگاہی پیدا کرنا۔
- ★ گھریلو مزدور عورتوں میں ان کی ذمہ داری اور خوشحالی کا شعور پیدا کرنا۔
- ★ گھریلو ملازمین عورتوں کا آپس میں میل جول بڑھانا اور دوستانہ ماحول پیدا کرنا۔

یونین کی ممبرشپ

پنجاب کے ضلع سے تعلق رکھنے والی کوئی بھی خاتون گھریلو ملازمہ یونین کی رکن بن سکتی ہے۔ اس کی رجسٹریشن فیس 100 روپے اور ماہانہ ممبرشپ فیس 50 روپے ہے جو کہ یونین کے دفتر اور اس کے ملحقہ اخراجات، یونین کے عہدیداروں کے سفر کے لیے مختص ہے۔

یونین کا الیکشن

یونین کے آئین کے مطابق انتخابات ہر دو سال بعد جمہوری طریقے سے طے ہیں۔ یونین سے منسلک تمام ممبران انتخابات میں حصہ لے سکتے ہیں۔عہدیداران میں صدر، ایک جنرل سیکریٹری، ایک فنانس سیکریٹری، ایک نائب صدر، ایک جوائنٹ سیکریٹری، ایک پروپیگنڈہ سیکریٹری اور ایک اسٹنٹ فنانس سیکریٹری شامل ہیں۔

یونین کے اجلاس

یونین کی مجلس عاملہ کا اجلاس ہر تین ماہ بعد ہوتا ہے اور عام اجلاس سال میں ایک دفعہ ہوتا ہے۔ ہر اجلاس کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔

ڈومیسٹک ورکرز یونین پنجاب (رجسٹرڈ)

مجلس عاملہ (2022-2024)

1	شہناز اجمل	صدر
2	روبینہ محمود	نائب صدر
3	شہناز فاطمہ	جنرل سیکریٹری
4	عاصمہ شاہین	جوائنٹ سیکریٹری
5	نسرین اختر	پروپیگنڈہ سیکریٹری
6	کشور بی بی	فنانس سیکریٹری
7	آمنہ برکت علی	اسسٹنٹ فنانس سیکریٹری



سیکریٹریٹ: ویمن ڈومیسٹک ورکرز یونین صوفی مینشن۔ سیکنڈ فلور 7/ ایجرٹن روڈ لاہور۔